Sydney Metro



Sydenham اور Bankstown
کے درمیانی سٹیشنوں کے متعلق آپکی گائیڈ

NSW GOVERNMENT

Transport



دھرتی کا اقرار

Transport for NSW اس دھرتی کے روایتی نگہبان Gadigal، Wangal اور Bediagal اقوام کو تسلیم کرتا ہے۔ ہم ان کے ماضی اور حال کے بزرگوں کو سلام پیش کرتے ہیں اور ایبوریجنل اقوام اور ان کی جاری و ساری تہذیبوں کے تنوع، اور NSW کی زمین اور آبی وسائل سے ان کے بندھنوں، کو تسلیم کرتے ہیں اور اس پر خوشی محسوس کرتے ہیں۔

اس لائن پر آنے والے سٹیشن اس دھرتی پر بنے ہیں جو ایبوریجنل اقوام کی ہزاروں نسلوں کے لیے زندگی کا وسیلہ بنی رہی ہے۔ برسات میں پانی سے بھر جانے والی اور Gumbramorra Creek کے راستے Cooks River میں جا گرنے والی Sydenham کی Gumbramorra Swamp سے لے کر، Cooks River اور اس کے معاون دریاؤں کے گرد پھیلی ہوئی زمینوں، اور آگے Bankstown میں Georges River کے طاس کے بالائی حصوں تک، یہ علاقہ دلدلی جھیلوں، ندی نالوں، جنگلوں اور گھاس کے میدانوں پر مشتمل تھا۔ آبی گزرگاہیں، سبزے اور پانی والی زمینیں اور ان کے نہایت متنوّع ایکو سسٹمز وافر خوراک اور وسائل مہیا کرنے کا ذریعہ ہیں جیسے مچھلی، شیل فش، آبی پرندے اور پودے جن سے خوراک، دوائیاں اور میٹیریلز تیار ہوتے ہیں۔ یہ زمینیں اور آبی وسائل اب بھی روایتی نگہبانوں کی تہذیبی شناخت اور روحانی وابستگی میں مرکزی اہمیت رکھتے ہیں، اور ہم ان کی جاری و ساری نگہبانی اور دھرتی کے تحفظ اور دیکھ بھال کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں۔

Sydney Metro

Sydney Metro آسٹریلیا کا سب سے بڑا پبلک ٹرانسپورٹ پراجیکٹ ہے جو ایک عالمی درجے کی آٹومیٹڈ ٹرین سروس کے ذریعے شہر کے ذرائع سفر میں انقلاب لا رہا ہے۔

یہ ٹرین سروسز سٹی کے نارتھ ویسٹ میں 2019 میں شروع ہوئیں اور Chatswood اور Sydenham کے درمیان سٹی سیکشن میں سروسز کا آغاز اگست 2024 میں ہوا۔


Sydenham سے Bankstown سیکشن زیادہ قابل اعتبار سروس مہیا کرے گا اور ساتھ ساتھ سروسز کے استعمال کے سلسلے میں مسافروں کی ضروریات بھی بہتر طریقے سے پوری ہوں گی۔ میٹرو Sydenham سے Bankstown تک پھیل جائے گی اور اس لائن پر مندرجہ ذیل سٹیشنوں کا اضافہ ہو گا:

- Sydenham
- Marrickville
- Dulwich Hill
- Hurlstone Park
- Canterbury
- Campsie
- Belmore
- Lakemba
- Wiley Park
- Punchbowl
- Bankstown

صبح اور سہ پہر کے مصروف ترین اوقات میں ہر 4 منٹ بعد ٹرینیں آئیں گی، پیر تا جمعہ مصروف ترین اوقات کے درمیانی وقت میں ہر 5 منٹ بعد، اور اس کے علاوہ باقی اوقات میں ہر 10 منٹ بعد۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ جب بھی آئیں گے، جھٹ سے ٹرین مل جائے گی۔

Sydney rail network

T Trains M Metro



Sydney train and metro lines

T1 North Shore & Western Line — North Shore, Western, Richmond

T2 Leppington & Inner West Line — Inner West, Leppington, City

T3 Liverpool & Inner West Line — Liverpool, City

T4 Eastern Suburbs & Illawarra Line — Eastern Suburbs, Illawarra, Cronulla

T5 Cumberland Line — Leppington, Richmond

T6 Lidcombe & Bankstown Line — Lidcombe, Bankstown

T7 Olympic Park Line — Olympic Park, Lidcombe

T8 Airport & South Line — Airport, South, City

T9 Northern Line — Northern, Gordon

M1 Metro North West & Bankstown Line — Tallawong, Bankstown

Stop · Interchange · Interchange · End of line

Line under conversion - bus services

Line under construction

NORTH

Check timetables and trip planners for train services and connections

Visit **transportnsw.info**

Copyright © 2026 Transport for NSW

545x760_SRM_20260910



Sydney Trains تک
آسان ٹرانسفر

Sydney Metro مندرجہ ذیل بڑے ٹرانسپورٹ انٹرچینج سٹیشنوں پر آپ کو بڑی سہولت سے Sydney Trains اور دوسری پبلک ٹرانسپورٹ سروسز سے ملا دیتی ہے۔ سٹیشنوں پر پہنچتے ہی سائنز کے لیے نظر دوڑائیں جو آپ کو درست پلیٹ فارموں کا راستہ دکھاتے ہیں۔

Bankstown

T6 Lidcombe and Bankstown Line لینے کے لیے Bankstown پر ٹرین بدلیں۔

Sydenham

Campbelltown، T4 Eastern Suburbs اور Illawarra سروسز تک پہنچانے والی T4 Eastern Suburbs and Illawarra سروسز لینے کے لیے Sydenham پر ٹرین بدلیں۔

Central

Circular Quay، Randwick، Kingsford اور Dulwich Hill جانے والی لائٹ ریل سروسز؛ پورے Sydney Trains نیٹ ورک، Intercity Regional Network اور NSW TrainLink ریجنل نیٹ ورک تک جانے والی سروسز لینے کے لیے Central پر ٹرین بدلیں۔

Martin Place

T4 Eastern Suburbs Line کے ذریعے Cronulla یا Bondi Junction جانے والی سروسز کے لیے Martin Place پر ٹرین بدلیں۔

Chatswood

T1 North Shore Line اور T9 Northern Line لینے کے لیے Chatswood پر ٹرین بدلیں۔

Epping

Strathfield کے راستے Central جانے کے لیے Epping پر T9 Northern Line لیں اور Gosford یا Newcastle Interchange جانے کے لیے Epping پر Central Coast and Newcastle Line لیں۔

M1

Metro North West & Bankstown Line

Tallawong
Bankstown

- **Bankstown**
- Punchbowl
- Wiley Park
- Lakemba
- Belmore
- Campsie
- Canterbury
- Hurlstone Park
- **Dulwich Hill**
- Marrickville
- **Sydenham**
- Waterloo
- **Central** — City
- Gadigal
- **Martin Place**
- **Barangaroo**
- Victoria Cross
- Crows Nest
- **Chatswood**
- North Ryde
- Macquarie Park
- Macquarie University
- **Epping**
- Cherrybrook
- Castle Hill
- Hills Showground
- Norwest
- Bella Vista
- Kellyville
- Rouse Hill
- **Tallawong**

Transport mode interchange

All metro stations are accessible



آپ ہی کے لیے بنایا گیا ٹرانسپورٹ سسٹم

کرایہ ادا کرنے کے زیادہ طریقے

Sydney Metro، Opal نیٹ ورک کا حصہ ہے۔ آپ سفر کا کرایہ Opal کارڈ یا کانٹیکٹ لیس American Express، Mastercard یا Visa کارڈز یا لنکڈ ڈیوائس سے ادا کر سکیں گے۔ نشان کے لیے نظر دوڑائیں۔ کرایہ ادا کرنے کے لیے ہمیشہ Opal ریڈرز پر ٹیپ آن اور ٹیپ آف کریں۔ آپ **Opal Travel app**، transportnsw.info پر، Opal بیچنے والوں کے پاس یا کچھ سٹیشنوں پر لگی ٹاپ اپ مشینز سے اپنے Opal کارڈ میں اور پیسے ڈال سکتے ہیں۔

Sydney Metro، Sydney Trains اور/یا NSW TrainLink Intercity سروسز کے درمیان ٹرانسفر کرتے ہوئے آپ کو صرف تب ٹیپ آن اور ٹیپ آف کرنا ہو گا جب آپ گیٹ لائن سے گزریں۔ ان مختلف سروسز کو استعمال کرتے ہوئے سفر کو ایک ہی مسلسل سفر تصور کیا جاتا ہے اور فاصلے کی بنیاد پر ایک ہی بار کرایہ لیا جاتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے **transportnsw.info/opal** دیکھیں۔





مستعدی کے لیے انجینیئرنگ

ماہر ٹرین کنٹرولرز جدید ترین آپریشنز کنٹرول سنٹر سے کام کرتے ہوئے پورے Sydney Metro سسٹم پر مسلسل نظر رکھتے ہیں۔ یہ میٹرو سروسز، ڈرائیور کے بغیر ٹرینوں، سرنگوں، پلیٹ فارموں اور پٹریوں کی نگرانی کرتے ہیں تاکہ نیٹ ورک محفوظ اور قابل بھروسا انداز میں چلتا رہے۔



ہمارے نزدیک حفاظت سب سے اہم ہے

پلیٹ فارم سکرین ڈورز لوگوں اور پرامز وغیرہ کو محفوظ اور پٹری سے دور رکھتے ہیں۔ دروازوں کے کھلتے اور بند ہوتے ہوئے آپ کو روشنیاں اور گھنٹیاں خبردار کرتی ہیں۔

CCTV مانیٹرنگ کے لیے ہر سٹیشن پر تقریباً 100 کیمرے اور ہر میٹرو ٹرین کے اندر 38 کیمرے لگے ہوئے ہیں۔

ہر سٹیشن پر ہیلپ پوائنٹس (مدد لینے کے مقامات) ہیں اور ٹرین میں آڈیو ہیلپ پوائنٹس آپ کو مدد کی ضرورت پڑنے پر کنٹرول سنٹر سٹاف سے فوراً رابطہ کروا دیں گے۔ ٹرین کے ہر ڈبے میں بھی ہیلپ پوائنٹس ہیں۔





مسلسل موبائل کوریج

پورے میٹرو نیٹ ورک میں موبائل کوریج ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کالیں کر سکتے ہیں، ٹیکسٹ میسیج اور ای میل بھیج سکتے ہیں، میوزک ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اپنا پسندیدہ شو سٹریم کر سکتے ہیں لہذا سفر کے دوران آپ دنیا سے رابطے میں رہیں گے۔

بقائے وسائل کی طرف اٹھتے قدم

ہم اپنے نیٹ ورک میں استعمال ہونے والی توانائی کو قابلِ تجدید شمسی توانائی سے 100٪ آفسیٹ کرتے ہیں۔ نیز ہماری ٹرینوں کو دھونے میں استعمال ہونے والے پانی کا 80٪ ری سائیکلڈ پانی ہے۔







ہر مسافر کے لیے موزوں پبلک ٹرانسپورٹ

130 سال سے زیادہ پرانے، خمدار پلیٹ فارموں کو جدید بنانے کا کام پیچیدہ تھا لہذا Marrickville اور Bankstown کے درمیان ٹرین میں سوار ہونے کی صورتحال باقی M1 لائن کی نسبت مختلف ہے۔ براہ مہربانی ٹرین میں سوار ہوتے اور اترتے ہوئے محتاط رہیں۔

اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو سٹیشن کے پلیٹ فارموں پر ہیلپ پوائنٹس موجود ہیں اور عملہ آپ کو مدد دے سکتا ہے، ضرورت ہونے پر ریمپ کے استعمال میں مدد بھی مل سکتی ہے۔

Sydenham سے Bankstown تک نئی میٹرو میں معذور اور ضعیف مسافروں کی آسانی کا خیال رکھا گیا ہے اور اس توسیع شدہ لائن پر سب سٹیشنوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے لہذا سب لوگوں کے لیے سفر بہت آسان ہو گیا ہے۔

ہیلپ پوائنٹس

کیا آپ کو سٹیشن پر کچھ زیادہ رہنمائی کی ضرورت ہے یا گیٹس سے گزرنے کے لیے مدد چاہیے؟ ہمارا عملہ استعمال میں آسان ہیلپ پوائنٹس پر وڈیو لنک کے ذریعے آپ کے سوالات کا جواب دے سکتا ہے۔



وہیل چیئرز کے لیے جگہ اور خاص سیٹیں

ہر ڈبے میں دو وہیل چیئرز کے لیے جگہ مخصوص ہے اور دروازوں کے قریب خاص سیٹیں ہیں جن پر پہلا حق کم چل سکنے والے لوگوں کا ہے۔



بصری اور سمعی سہولتیں

پورے سٹیشن میں ٹیکٹائل انڈیکیٹرز (فرش کے ڈیزائن کے ذریعے کم بینائی رکھنے والوں کی رہنمائی) اور بریل میں لکھے سائنز سٹیشن میں صحیح راستے پر چلنا آسان بناتے ہیں۔ آڈیو اعلانات، ہیئرنگ لوپ سروسز اور ہیلپ پوائنٹس سے سب مسافروں کی معلومات کی ضرورت پوری ہوتی ہے۔



پرامز، سائیکلوں اور سامان کے لیے جگہ

ہر میٹرو ٹرین اس طرح ڈیزائن کی گئی ہے کہ پرامز، سائیکلوں یا سامان کے ساتھ سفر کرنے والوں کو ٹرین میں جگہ ملے اور آسانی رہے۔



مدد کی ضرورت؟

میٹرو سٹیشنز پر کسٹمر جرنی کوآرڈینیٹرز مسافروں کو پلیٹ فارموں پر پہنچنے کے لیے مدد دے سکتے ہیں اور ٹرین بدلنے میں مدد کا انتظام کر سکتے ہیں۔ انہیں گلے میں Sunflower لینیارڈ پہننے والے لوگوں کے متعلق تربیت بھی حاصل ہے جن کی معذوری دکھائی نہیں دیتی لہذا یہ کوآرڈینیٹرز ان لوگوں کو بھی زیادہ مدد دے سکتے ہیں۔







ٹرین میں سفر



Sydney Metro پر محفوظ رہنا

مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کرنے سے ہر سفر کو محفوظ سفر بنانے میں مدد ملتی ہے:

گھنٹی جیسی آواز اور فلیشنگ روشنیوں کا مطلب ہے کہ دروازے بند ہو رہے ہیں۔ پیچھے ہو جائیں اور یاد رکھیں کہ بہت جلد اگلی ٹرین آ جائے گی۔

ٹرین میں سوار ہونے کے لیے پلیٹ فارم پر لمبائی کے رخ میں پھیل جائیں اور تمام دروازے استعمال کریں۔ اس طرح سب لوگ جلد اور بحفاظت سوار ہو سکیں گے۔

دروازوں کے دونوں سیٹ کھلنے کا انتظار کریں۔ اس طرح سب لوگ جلد اور بحفاظت سوار ہو سکیں گے۔

بند ہوتے ہوئے دروازوں سے پیچھے ہٹ جائیں۔ میٹرو کے دروازے بڑی تیزی سے بند ہوتے ہیں۔

دروازوں کے دائیں یا بائیں طرف قطار میں کھڑے ہوں تاکہ سب لوگ جلد اور بحفاظت سوار ہو جائیں۔

ٹرین میں چڑھتے اور اترتے ہوئے اپنے بچے کا ہاتھ پکڑے رکھیں۔ میٹرو کے دروازے بڑی تیزی سے کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔

ٹرین میں کسی سہارے کو پکڑے رکھیں۔ میٹرو کی رفتار بڑی تیزی سے بڑھ سکتی ہے۔

میٹرو کے ایسکیلیٹرز کی اونچائی زیادہ ہو سکتی ہے۔ سہارے کے لیے ہینڈ ریل پکڑے رکھیں۔

سفر میں شائستگی اور لحاظ

اپنی سیٹ ایسے لوگوں کو پیش کر دیں جنہیں بیٹھنے کی ضرورت ہو سکتی ہے جیسے بزرگوں، معذوروں یا کم چل سکنے والوں، حاملہ خواتین یا بچوں کے ساتھ سفر کرنے والوں کو۔

اپنے بیک پیک کا خیال رکھیں

اپنے بیک پیک کو ہینڈل سے پکڑ ے ہوئے گزریں۔ جب آپ کھڑے ہوں تو اسے اپنے پیروں کے درمیان فرش پر رکھیں جہاں یہ دوسروں کو زحمت نہ دے۔

جگہ بنائیں

اپنی پرامز، بیگز، سائیکلوں یا بورڈز سے دروازوں کے سامنے یا سیٹوں کے درمیانی راستوں میں رکاوٹ نہ پیدا کریں۔ لوگوں کے لیے رکاوٹ کے بغیر سوار ہونا اور اترنا ممکن رکھیں۔

سگرٹ نوشی اور ویپنگ

پبلک ٹرانسپورٹ میں اور سٹیشنوں پر سگرٹ نوشی اور ویپنگ ممنوع ہے۔ جرمانے لگتے ہیں۔

سفر کے لیے تجاویز

اپنے سفر کے انداز میں چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں کر لینے سے آپ کے لیے زیادہ آرام، آسانی اور بچت ممکن ہے۔

پہلے سے پلان کریں

پیر اور جمعے کو سفر پر غور کریں کیونکہ ان دنوں میں ٹرینوں میں بھیڑ نہیں ہوتی۔

زیادہ مصروف اوقات سے ہٹ کر سفر کریں


اپنا کام کا دن ذرا جلدی یا ذرا دیر سے شروع کریں تاکہ آپ زیادہ مصروف اوقات سے بچ سکیں۔

سستا سفر

جمعے کے دن، ویک اینڈ میں، عوامی تعطیلات پر، اور زیادہ مصروف اوقات سے ہٹ کر، سفر کریں اور 30٪ رعایت حاصل کریں۔

Bankstown Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Approximate travel times from Bankstown

to Central	28 minutes
to Martin Place	32 minutes
to Victoria Cross	37 minutes
to Chatswood	43 minutes
to Tallawong	80 minutes

Getting to and from Bankstown

- Taxi
- Kiss and Ride
- Accessible parking spaces (3)
- Commuter car park spaces (144)

Facilities

- Toilets
- Baby change table
- Accessible toilets
- Bike shed spaces (36)
- Bike spaces (40)
- Shared bike parking

Walking and Riding

- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stand A – Stop no: 2200375	
487	Canterbury
922	East Hills
923	Panania
924	East Hills
925	East Hills
926	Revesby Heights
M90	Liverpool

Stand B – Stop no: 2200374	
944	Roselands
945	Hurstville
950	Hurstville
960	Sutherland

Stand C – Stop no: 2200373
Arrivals only

Stand D – Stop no: 2200376	
905	Fairfield
907	Parramatta
908	Merrylands

Stand D – Continued	
909	Parramatta
910	Parramatta
911	Auburn
950	Bankstown


Stand E – Stop no: 2200377	
913	Strathfield
920	Parramatta
925	Lidcombe
939	Greenacre
940	Hurstville
946	Roselands
960	Bankstown
M90	Burwood

Stand F – Stop no: 2200378
Services to Bankstown: **487, 922, 923, 924, 926, 944, 945**

Stand G – Stop no: 2200343	
N40	City Town Hall/East Hills

Punchbowl Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Getting to and from Punchbowl

- Taxi
- Accessible parking spaces (2)
- Kiss and Ride
- Commuter car park spaces (137)

Facilities

- Toilets
- Bike spaces (34)
- Baby change table
- Shared bike parking
- Accessible toilets

Walking and Riding


- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stand B – Stop no: 2196233	
938	Lakemba
941	Hurstville
944	Roselands
N40	City Town Hall
Stand C – Stop no: 2196242	
938	Mount Lewis
941	Chullora Marketplace
944	Bankstown
N40	East Hills
Stop no: 2196143	
938	Lakemba
940	Hurstville
941	Hurstville
Stop no: 2196111	
938	Mount Lewis
940	Bankstown
941	Chullora Marketplace

Wiley Park Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Approximate travel times from Wiley Park

to Central	24 minutes	M T L
to Martin Place	28 minutes	M T
to Victoria Cross	33 minutes	M
to Chatswood	39 minutes	M T
to Tallawong	76 minutes	M

Getting to and from Wiley Park

- Taxi
- Accessible parking spaces (1)
- Kiss and Ride
- Commuter car park spaces (26)

Facilities

- Toilets
- Bike spaces (18)
- Baby change table
- Shared bike parking
- Accessible toilets

Walking and Riding

- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stop no: 219554	
942	Riverwood
Stop no: 219561	
942	Campsie

Lakemba Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Approximate travel times from Lakemba

to Central	22 minutes
to Martin Place	26 minutes
to Victoria Cross	31 minutes
to Chatswood	37 minutes
to Tallawong	74 minutes

Lakemba

Getting to and from Lakemba

- Taxi
- Accessible parking spaces (5)
- Kiss and Ride
- Commuter car park spaces (126)

Facilities

- Toilets
- Bike spaces (32)
- Baby change table
- Shared bike parking
- Accessible toilets

Walking and Riding


- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stand A – Stop no: 219515	
450	Hurstville
938	Mount Lewis
942	Campsie
946	Roselands
Stand B – Stop no: 219514	
450	Strathfield
942	Riverwood
946	Bankstown
N40	East Hills
Stand C	
Arrivals only	
Stand D – Stop no: 2195118	
N40	City Town Hall
Stand E – Stop no: 219527	
938	Mount Lewis
N40	East Hills

Belmore Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Approximate travel times from Belmore

to Central	20 minutes	M T L
to Martin Place	24 minutes	M T
to Victoria Cross	29 minutes	M
to Chatswood	35 minutes	M T
to Tallawong	72 minutes	M

Belmore

Getting to and from Belmore

- Taxi
- Accessible parking spaces (1)
- Kiss and Ride
- Commuter car park spaces (79)

Facilities

- Toilets
- Bike spaces (32)
- Baby change table
- Shared bike parking
- Accessible toilets

Walking and Riding


- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stop no: 219211	
415	Campsie
942	Riverwood
N40	East Hills
Stop no: 219223	
415	Chiswick
942	Campsie

Campsie Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Campsie

Getting to and from Campsie

- Taxi
- Kiss and Ride
- Accessible parking spaces (5)
- Commuter car park spaces (132)

Facilities

- Toilets
- Baby change table
- Accessible toilets
- Bike shed spaces (18)
- Bike spaces (30)
- Shared bike parking

Walking and Riding

- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stand B – Stop no: 219411	
410	Macquarie Park
420	Burwood
490	Drummoyne
492	Drummoyne
Stand C – Stop no: 219417	
410	Hurstville
420	Mascot Station
490	Hurstville
492	Rockdale
N40	City Town Hall
Stand D – Stop no: 219416	
487	Canterbury
Stand E – Stop no: 219415	
412	City Martin Place
415	Chiswick
445	Balmain
473	Rockdale

Stand E – Continued	
487	Bankstown
N40	East Hills
Stand G – Stop no: 219481	
413	Central Pitt St
942	Riverwood

Canterbury Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Approximate travel times from Canterbury

to Central	16 minutes
to Martin Place	20 minutes
to Victoria Cross	25 minutes
to Chatswood	31 minutes
to Tallawong	68 minutes

Getting to and from Canterbury

- Taxi
- Kiss and Ride
- Accessible parking spaces (1)
- Commuter car park spaces (79)

Facilities

- Toilets
- Baby change table
- Accessible toilets
- Bike spaces (28)
- Shared bike parking

Walking and Riding


- Bike route
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stand A – Stop no: 219323	
428	City Martin Place
428X	City Martin Place
Stand B – Stop no: 219324	
487	Bankstown
Stand E – Stop no: 219321	
445	Balmain
487	Canterbury
491	Five Dock
N30	City Town Hall
N40	City Town Hall
Stand F – Stop no: 2193105	
445	Campsie
487	Bankstown
491	Hurstville
N30	Macarthur
N40	East Hills

Hurlstone Park Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Approximate travel times from Hurlstone Park

to Central	14 minutes	M T L
to Martin Place	18 minutes	M T
to Victoria Cross	23 minutes	M
to Chatswood	29 minutes	M T
to Tallawong	66 minutes	M

Getting to and from Hurlstone Park

- Taxi
- Accessible parking spaces (1)
- Kiss and Ride

Facilities

- Toilets
- Bike spaces (22)
- Baby change table
- Shared bike parking
- Accessible toilets

Walking and Riding


- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stop no: 219311	
406	Five Dock
418	Burwood
N40	East Hills
Stop no: 219312	
406	Hurlstone Park
N40	City Town Hall
Stop no: 219316	
418	Tempe

Dulwich Hill Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Getting to and from Dulwich Hill

- Taxi
- Accessible parking spaces (2)
- Kiss and Ride
- Commuter car park spaces (39)

Facilities

- Toilets
- Bike spaces (40)
- Baby change table
- Shared bike parking
- Accessible toilets

Walking and Riding


- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stop no: 220432	
412	Campsie
Stop no: 220433	
412	City Martin Place

Marrickville Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Getting to and from Marrickville

- Taxi
- Accessible parking spaces (2)
- Kiss and Ride

Facilities

- Toilets
- Bike shed spaces (23)
- Baby change table
- Bike spaces (6)
- Accessible toilets
- Shared bike parking

Walking and Riding


- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stop no: 2204101	
423	Kingsgrove
423X	Kingsgrove
N40	East Hills
Stop no: 2204102	
423	City Martin Place
423X	City Martin Place
N40	East Hills

Sydenham Station

Plan your trip
transportnsw.info/trip
or scan this QR code



Approximate travel times from Sydenham

to Central	7 minutes	M T L
to Martin Place	11 minutes	M T
to Victoria Cross	16 minutes	M
to Chatswood	22 minutes	M T
to Tallawong	59 minutes	M

Getting to and from Sydenham

- Taxi
- Kiss and Ride

Facilities

- Toilets
- Baby change table
- Accessible toilets
- Bike shed spaces (90)
- Bike spaces (30)
- Shared bike parking

Walking and Riding

- Bike route
- Shared path
- On-road riding route: involves mixed traffic, generally lower speeds

Bus connections

Stand A – Stop no: 204421	
418	Burwood
430	Central Eddy Ave
Stand E – Stop no: 204439	
358	Randwick
418	Tempe





پورے نئے میٹرو نیٹ ورک کے سلسلے میں سائیکل سواروں کے لیے زبردست اطلاع

اب سائیکل پر نئے میٹرو سٹیشنوں تک پہنچنا بہت آسان ہے اور سائیکل سواروں کی ضرورت کے مقامات پر محفوظ اور مناسب بائیک پارکنگ مہیا ہے۔

میٹرو سٹیشنوں پر بائیک پارکنگ کے نئے اور بہتر کے انتظامات کیے گئے ہیں جن میں سیکیور بائیک شیڈز اور کھلی جگہوں پر بائیک پارکنگ سپیسز بھی شامل ہیں لہذا سٹیشنوں اور گردوپیش کے مقامات تک آسان کنیکشنز بنتے ہیں۔ ان انتظامات کو استعمال کر کے سائیکل سواروں کے لیے سٹیشن تک پہنچنا زیادہ آسان، محفوظ اور مناسب ہو جاتا ہے۔

	بائیک پارکنگ	بائیک شیڈز
Sydenham	✓	✓
Marrickville	✓	✓
Dulwich Hill	✓	-
Hurlstone Park	✓	-
Canterbury	✓	-
Campsie	✓	✓
Belmore	✓	-
Lakemba	✓	-
Wiley Park	✓	-
Punchbowl	✓	-
Bankstown	✓	✓

سائیکل سواری اور پیدل چلنے کے راستے

نئے میٹرو سٹیشنوں تک پہنچنے کے لیے سائیکل سواری اور پیدل چلنے کے راستے دریافت کریں۔ اپنا سفر زیادہ آسان بنانے کے لیے مفید تجاویز اور کام کی باتیں پڑھیں۔

سائیکل سواری کے روٹس

یہ روٹس زیادہ تر موجودہ سائیکل کے راستوں، مشترکہ راستوں اور کم ٹریفک والی گلیوں پر ہی ہیں۔ سائنز کی رہنمائی میں چلتے جائیں۔

مزید جاننے کے لیے QR کوڈ سکین کریں۔

معمول کے سفر میں ورزش بھی کر لیں

کام یا پڑھائی کے لیے آتے جاتے سائیکل سواری اور پیدل چلنا صحتمند اور خوش باش رہنے کے عمدہ طریقے ہیں۔



سائیکل سواری میں آسانی

سائیکل پر نئے میٹرو سٹیشنوں تک پہنچنا اب زیادہ آسان، محفوظ اور موزوں ہے۔ میٹرو سٹیشنوں پر بائیک پارکنگ کے نئے اور بہتر انتظامات کیے گئے ہیں جن میں سیکیور بائیک شیڈز اور کھلی جگہوں پر پارکنگ سپیسز شامل ہیں۔

چاہے آپ ابھی شروع ہی کر رہے ہوں یا بہت تجربے کار ہوں، سائیکل سواری یا پیدل چلنے کے مفت کورس آپ کے روزانہ کے سفر کو بالکل بدل سکتے ہیں۔

سائیکل سواری اور پیدل چلنے کے آئندہ مفت کورسوں کے متعلق اطلاعات لینے کے لیے اظہار دلچسپی رجسٹر کریں، QR کوڈ سکین کریں یا **travelchoices@transport.nsw.gov.au** پر ای میل کریں۔

بائیک شیڈز اور لاکرز

پتہ کریں کہ آپ بائیک شیڈ یا لاکر میں اپنی سائیکل کیسے بحفاظت رکھ سکتے ہیں۔ پورے NSW میں میٹرو، ٹرین سٹیشنوں، وارفوں (کشتیاں رکنے کی جگہوں) اور انٹرچینجز پر سیکیور بائیک شیڈز اور لاکرز موجود ہیں۔

بائیک پارکنگ

بائیک پارکنگ کے نئے اور بہتر انتظامات کے سبب سٹیشنوں تک آنا جانا محفوظ، موزوں اور آسان ہے۔

مزید جاننے کے لیے QR کوڈ سکین کریں۔

بائیک شیڈ کا استعمال سیدھا سادا ہے

متعلقہ سیکیور بائیک شیڈ استعمال کرنے کے لیے QR کوڈ سکین کریں اور اپنے Opal کارڈ سے لنک کریں۔ کچھ مقامات پر پہلے سے بکنگ ضروری نہیں ہے۔

ایکٹیویشن میں تقریباً 5 منٹ لگتے ہیں۔



پبلک ٹرانسپورٹ پر سائیکل ساتھ لے جانا

جب جگہ ہو تو آپ NSW میں زیادہ تر پبلک ٹرانسپورٹ سروسز پر سائیکل ساتھ لے جا سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ آپ کی سائیکل دوسرے مسافروں کے سیٹ تک پہنچنے میں رکاوٹ نہ بنے۔

براہ مہربانی خیال رکھیں کہ آپکی سائیکل سے دوسرے مسافروں کو زحمت یا خطرہ نہ پیش آئے۔

مزید جاننے کے لیے QR کوڈ سکین کریں۔

Transport for NSW ©

اس بروشر میں دی گئی معلومات اشاعت کے وقت درست ہیں
اور یہ صرف بطور رہنمائی دی گئی ہیں۔ ٹرانسپورٹ سروسز
اور نیٹ ورک کی تفصیلات میں وقت کے ساتھ ساتھ تبدیلی آ سکتی ہے۔

تازہ ترین **معلومات کے لیے transportnsw.info** دیکھیں۔

ابھی مفت ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

Opal Travel ایپ لینے کے لیے اپنے فون سے QR کوڈ سکین کریں یا
App Store یا Google Play Store پر جائیں۔

Download on the App Store

GET IT ON Google Play

®App Store، Apple Inc. کا ٹریڈ مارک ہے۔ Google Play اور
Google Play لوگو Google LLC کے ٹریڈمارکس ہیں۔